www.IslamInUrdu.org
http://Urdu.Duas.org
اردو.دعا.اورگ

PDF عربي
PDF اردو ترجمہ

# فضیلت سورۃ جمعہ

حضرت امام جعفر صادق (ع) سے مروی ہے کہ ہمارے شیعوں میں سے ہر مومن کیلئے ضروری ہے کہ وہ شب جمعہ کی نماز میں سورۃ جمعہ و سورۃ اعلی پڑھے اور جمعہ کے دن نماز ظہر میں سورۃ جمعہ و سورۃ منافقون کی تلاوت کرے جو ایسا کرے گا گویا اس نے حضرت رسول اکرم کی مثل عمل کیا اور حق تعالیٰ کے ذمے اس کی جزا بہشت بریں ہے۔

| | |
|---|---|
| بِسْمِ اللهِ الرَحْمنِ الرَحيمْ | خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے |
| يُسَبِّحُ لِلّهِ مَا فِي السَّموَاتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ(١)هُوَ | ہر وہ چیز خدا کی تسبیح کرتی ہے جو زمین اور آسمانوں میں ہے کیونکہ وہ بادشاہ، پاک، غالب اور بڑا حکمت والا ہے وہی تو ہے |
| الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولاً مِنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ | جس نے اُمّی لوگوں میں انہی میں سے رسول (محمد) بھیجا جو ان کے سامنے آیتیں پڑھتا ہے انہیں پاک کرتا ہے اور کتاب و حکمت |
| وَالْحِكْمَةَ وَإِنْ كَانُوا مِنْ قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ(٢) وَآخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ وَهُوَ | کی تعلیم دیتا ہے اگرچہ اس سے پہلے وہ لوگ کھلی گمراہی میں تھے اور ان لوگوں کی طرف جو ابھی ان سے نہیں ملے |
| الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (٣) ذلِكَ فَضْلُ اللهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ وَاللهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ (٤) | اور وہ بڑا غالب حکمت والا ہے یہ اللہ کا فضل ہے کہ جسے چاہے عطا کرے اور اللہ تو بڑے فضل والا ہے |
| مَثَلُ الَّذِينَ حُمِّلُوا التَّوْرٰةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوهَا كَمَثَلِ | |

الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَاراً بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ

جن لوگوں کو تورات دی گئی،انہوں نے اسکا حق ادانہ کیاانکا حال اس گدھے جیسا ہے جس پر
کتابیں لدی ہوں کیا بری مثال ہے

الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللهِ وَاللهُ لاَ يَهْدِى الْقَوْمَ
الظَّالِمِينَ (۵) قُلْ يَا أَ يُّهَا الَّذِينَ هَادُوا إِنْ

ان لوگوں کی جنہوں نے آیات الہی کو جھٹلایا اور خدا ظالم قوموں کی ہدایت نہیں کرتا کہہ دو کہ اے
یہودیو اگر تمہیں

زَعَمْتُمْ أَ نَّكُمْ أَوْ لِيَاءُ لِلّهِ مِنْ دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا
الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ (۶) وَلاَ

یہ گھمنڈ ہے کہ لوگوں میں سے تمہی خدا کے دوست ہو تو موت کی تمنا کرو اگر تم سچے ہو اور وہ کبھی
موت

يَتَمَنَّوْنَهُ أَبَداً بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ وَاللهُ عَلِيمٌ
بِالظَّالِمِينَ(۷) قُلْ إِنَّ الْمَوْتَ الَّذِى تَفِرُّونَ

کی تمنانہ کریں گے ان کرتوتوں کے باعث جو آگے بھیج چکے ہیں اور خدا ظالموں کو جانتا ہے کہہ دو کہ
جس موت سے تم بھاگتے ہو

مِنْهُ فَإِنَّهُ مُلاَقِيكُمْ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَى عَالِمِ الْغَيْبِ
وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ (۸)

وہ تمہیں ضرور آئے گی پھر تم ہر چھپی اور ظاہر چیز کے جاننے والے کی طرف لوٹادیئے جاؤگے تو وہ
تمہیں بتادے گا جو تم کیا کرتے تھے

يَا أَ يُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِىَ لِلصَّلاَةِ مِنْ يَوْمِ
الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَى ذِكْرِ اللهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ

اے ایمان والو جب روز جمعہ نماز (جمعہ) کے لئے اذان دی جائے تو اللہ کے ذکر (نماز) کے لئے دوڑو
اور لین دین

ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ (۹) فَإِذَا قُضِيَتِ
الصَّلاَةُ فَانْتَشِرُوا فِى الْأَرْضِ وَابْتَغُوا

کو چھوڑو یہ تمہارے لیے بہت بہتر ہے اگر تم جانتے ہو پھر جب نماز پوری ہو جائے تو زمین میں
منتشر ہو جاؤ

مِنْ فَضْلِ اللهِ وَاذْكُرُوا اللهَ كَثِيراً لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ
(۱۰) وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْواً انْفَضُّوا

اور اللہ کا فضل (رزق) تلاش کرو اور خدا کو کثرت سے یاد کرو تاکہ تم کامیابی حاصل کرو اور جب یہ
لوگ تجارت یا کھیل دیکھتے ہیں تو ادھر چلے

| | |
|---|---|
| إِلَيْهَا وَتَرَكُوكَ قائِماً قُلْ مَاعِنْدَ اللهِ خَيْرٌ مِنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ وَاللهُ خَيْرُ الرَّازِقِينَ (١١) | جاتے ہیں اور تمہیں اکیلا کھڑا چھوڑ دیتے ہیں کہہ دو کہ جو اللہ کے پاس ہے وہ سود اسلف، تجارت اور کھیل سے بہتر ہے اور اللہ بہترین رازق ہے۔ |



| | | |
|---|---|---|
| قرآن انڈیکس پر جایئں | ہوم پیج پر جایئں | مفاتیح انڈیکس پر جایئں |